## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اورسابق وزیراعظم میرظفراللہ جمالی کے مابین ٹیلیفون پراہم گفتگو

## پاکستان کوخودداری،خودمختاری اورعزت وقار کے سلسلے میں آل پارٹیز کانفرنس کاانعقادکیاجائے۔الطاف حسین

## قومی اتفاق رائے کےحصول کےسلسلے میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے رابطےخوش آئندہیں۔میرظفراللہ جمالی

لندن۔۔۔23 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور مسلم لیگ کے رہنمااورسابق وزیراعظم میرظفراللہ جمالی کے مابین آج ٹیلیفون پراہم گفتگوہوئی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیاگیا۔جناب الطاف حسین نے اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے کہاکہ پاکستان کوقائم ہوئے 63سال ہوگئے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہم آج تک اپنے پیروں پرکھڑےنہیں ہوسکے ہیں،قومی خزانے کی مسلسل لوٹ ماراورکرپشن کے نتیجے میں ملک آج معاشی طورپرتباہ ہوچکاہے،ہم دنیابھرمیں بھیک کےکشکول لیکرپھررہے ہیں،ہماری معاشی واقتصادی پالیسیاں آئی ایم ایف،ورلڈبینک اوردیگرعالمی قوتوں کےرحم وکرم پرہیں۔انہوں نے کہاکہ وقت آگیاہے کہ پاکستان کوبیرونی مداخلت سےآزادکرایاجائے اوراس کواپنے پیروں پرکھڑاکیاجائے۔جناب الطاف حسین نے تجویزپیش کی کہ پاکستان کی خودداری،خودمختاری،ملک کوبیرونی مداخلت اوردیگربحرانوں سےنجات دلانے کےسلسلے میں قومی اتفاق رائے پیداکرنے کیلئے آل پارٹیز کانفرنس کاانعقادکیاجائے۔میرظفراللہ جمالی نے جناب الطاف حسین کےخیالات اور آل پارٹیز کانفرنس کی تجویزسےمکمل اتفاق کیا۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی جانب سےقومی اتفاق رائے کےحصول کےسلسلے میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے رابطوں کوخوش آئندقراردیتے ہوئے کہاکہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مابین قومی اتفاق رائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان رابطوں کومزیدبڑھانے پربھی اتفاق کیاگیا۔

## سنی اتحادکونسل کےسربراہ صاحبزادہ فضل کریم سےالطاف حسین کی ٹیلی فون پرگفتگو

## تمام جماعتیں پاکستان کواسکےپیروں پرکھڑاکرنے کیلئے میدان عمل میں آکراپنافرض اداکریں،الطاف حسین

## ہمیں متحدہوکرپاکستان کی سلامتی کےخلاف سازشوں کوناکام بناناہوگا،فضل کریم

لندن۔۔۔23،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نےسنی اتحادکونسل کے سربراہ صاحبزادہ فضل کریم سے ٹیلی فون پرگفتگوکی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،پاکستان کودرپیش خطرات،ریفارمڈجنرل سیلزٹیکس،مہنگائی،کرپشن اورعوام کودرپیش مسائل پرتفصیلی تبادلہ خیال کیاگیا۔جناب الطاف حسین نے صاحبزادہ فضل کریم سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ ملک انتہائی نازک دورسے گزررہاہےاورکاروبارحکومت چلانے کیلئےہمیں آئی ایم ایف اورورلڈبنک کے آگےکشکول لیکربھیک مانگنی پڑرہی ہے جوکہ پاکستان کی غیرت وحمیت پرسوالیہ نشان ہے۔انہوں نے مزیدکہاکہ آرجی ایس ٹی نافذکرکے نہ صرف ٹیکس دینے والے طبقہ پرمزیدبوجھ لاداجارہاہے بلکہ ٹیکس چوری کرنے والوں کوکھلی چھوٹ بھی دی جارہی ہے۔انہوں نے کہاکہ ملک بھرکےعوام روزبروزبڑھتی ہوئی مہنگائی سےتنگ آچکے ہیں اورغربت کے باعث اپنے بچےفروخت کرنے،خودکشی کرنے اورفاقہ کشی کرنے پرمجبورہیں۔انہوں نے کہاکہ ان حالات میں تمام محبّ وطن جماعتوں کافرض ہے کہ وہ ملک وقوم کی خاطرباہمی اختلافات کوبالائے طاق رکھ کراتحادکامظاہرہ کریں۔ ملک کی سلامتی وبقاء،خودمختاری،ملک کوبیرونی قرضوں،امداداوربھیک کےچنگل سےنجات دلانے،پاکستان کواسکے پیروں پرکھڑاکرنے اورعوام کوریلیف فراہم کرنے کیلئے میدان عمل میں آکراپنافرض اداکریں اورپوری دنیاپرواضح کردیں کہ ہم ایک خودمختاراورغیرت مندقوم ہیں۔صاحبزادہ فضل کریم نے جناب الطاف حسین کےخیالات سے اتفاق کرتے ہوئے کہاکہ بعض قوتیں وطن عزیزکوغیرمستحکم کرنے کی سازش کررہی ہیں اورہمیں متحدہوکرپاکستان کی سلامتی کےخلاف سازشوں کوناکام بناناہوگاتاکہ پاکستان کی آزادی اورخودمختاری کاتحفظ یقینی بنایاجاسکے۔انہوں نے ناموس رسالتؐ کےسلسلے میں سنی اتحادکونسل کے لانگ مارچ کے شرکاءپرپولیس تشددکےخلاف جناب الطاف حسین کے جراتمندانہ بیان پران کاشکریہ اداکیااورقومی سلامتی وبقاءکیلئے باہمی رابطے جاری رکھنے کی ضرورت پرزوردیا۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور مولانا فضل الرحمٰن کے مابین سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال
## دونوں رہنماؤں کا تمام جماعتوں کے درمیان قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کے سلسلے میں کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق

لندن۔۔۔23 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے مابین ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اس وقت ملک کو بحرانوں سے نجات دلانے کیلئے جراتمندانہ فیصلوں کی ضرورت ہے۔ دونوں رہنماؤں نے تمام جماعتوں کے درمیان قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کے سلسلے میں کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ گفتگو میں دونوں جماعتوں کے درمیان رابطے جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

## شاہ زین بگٹی اور ان کے ساتھیوں کو رہا کیا جائے، الطاف حسین
## وقت کا تقاضا ہے کہ غیر دانشمندانہ فیصلے کر کے بلوچستان میں نفرت کی آگ پر مزید تیل نہ چھڑکا جائے
## ملک کی موجود صورتحال میں یہ نفرتیں پھیلانے کا نہیں بلکہ مظلوم بلوچ عوام کے زخموں پر مرہم رکھنے کا وقت ہے

لندن۔۔۔23، دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بزرگ سیاسی رہنما نواب اکبر بگٹی کے پوتے اور جمہوری وطن پارٹی کے رہنما شاہ زین بگٹی اور ان کے ساتھیوں کی گرفتاری کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شاہ زین بگٹی اور ان کے ساتھیوں کو رہا کیا جائے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان کی موجودہ صورتحال انتہائی نازک ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ غیر دانشمندانہ فیصلے کر کے بلوچستان میں نفرت کی آگ پر مزید تیل نہ چھڑکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کرپشن اپنے عروج پر ہیں اور قومی دولت لوٹنے والے آج بھی قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں لیکن قومی لٹیروں کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کے بجائے بلوچستان میں نفرت کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ شاہ زین بگٹی کی گرفتاری بلوچ عوام میں مزید نفرتیں پیدا کرنے کا سبب بن سکتی ہیں اور ملک کی موجود صورتحال میں یہ نفرتیں پھیلانے کا نہیں بلکہ مظلوم بلوچ عوام کے زخموں پر مرہم رکھنے کا وقت ہے۔ حکومت ایسے اقدامات نہ کرے جس سے بلوچستان میں نفرت کی مزید آگ بھڑک اٹھے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ شاہ زین بگٹی اور ان کے تمام ساتھیوں کو رہا کیا جائے اور بلوچ عوام کے ساتھ ظلم وناانصافی کا سلسلہ بند کیا جائے۔

## بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے جلسہ عام کی تیاریوں سے سندھ بھر میں جشن کا سماں
## سندھ بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان کی ریلیاں نکالی گئیں، استقبالیہ کیمپوں پر عوام کا رش
## شاہ لطیفؒ کے پیغام امن کے وارث سندھ کو تقسیم کرنے کی سازش کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، ایم کیوایم

بھٹ شاہ۔۔۔23 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت بھٹ شاہ میں جلسہ عام کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں اور جلسہ عام کی تیاریوں سے سندھ بھر میں جشن کا سماں دیکھنے میں آرہا ہے۔ ایم کیوایم کی جانب سے مورخہ 25، دسمبر2010ء کو سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے آبائی شہر بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ عام سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں سندھ کے تمام شہروں میں ایم کیوایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندوں کی جانب سے جلسہ گاہ اور سندھ بھر میں دوروں اور عوامی سطح پر رابطے کر کے انہیں جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی جارہی ہے۔ ایم کیوایم کی جانب سے جلسہ گاہ میں اسٹیج کی تیاریوں اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان کی جانب سے جلسہ گاہ کے انتظامات کی نگرانی کی جارہی ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے سندھ کے تمام شہروں میں اہم مقامات کو خیر مقدمی کلمات پر مبنی بینرز ایم کیوایم کے پرچموں سے سجایا گیا ہے جبکہ استقبالیہ کیمپ بھی قائم کئے گئے ہیں جہاں کارکنان وعوام کا زبردست رش دیکھنے میں آرہا ہے۔ استقبالیہ کیمپوں پر ایم کیوایم کے کارکنان تنظیمی ترانوں کی دھن پر رقص کررہے ہیں اور والہانہ جوش

وخروش کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ جلسہ عام میں سندھ بھر سے عوام کی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے کارنر میٹنگوں کے علاوہ سندھ کے تمام شہروں میں ریلیوں کا بھی انعقاد کیا گیا جو کہ شہر کی اہم شاہراہوں اور چوراہوں سے گزرتی ہوئی استقبالیہ کیمپوں پر اختتام پذیر ہوئیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان کے فلک شگاف نعروں سے شہروں کی فضائیں گونجتی رہیں۔ جلسہ عام کی تیاریوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور ایم کیوایم کی مقامی زونل کمیٹیوں کے ذمہ داران اور کارکنان دن رات مصروف ہیں جس کے باعث سندھ بھر میں جشن کا سماں دیکھنے میں آرہا ہے۔ کارنر میٹنگوں اور ریلیوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان کا کہنا ہے کہ ایک مرتبہ پھر منظم سازش کے تحت سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں اور دوریاں پیدا کرنے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے لیکن انشاء اللہ 25 دسمبر کا جلسہ عام سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اظہار یکجہتی اور بھائی چارے کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شاہ لطیفؒ کے پیغام امن کے وارث سندھ دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنادیں گے اور سندھ کو تقسیم کرنے کی سازش کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## بھٹ شاہ میں ہونے والا عظیم الشان جلسہ عام سندھ دشمن عناصر کی تمام سازشوں کو ملیا میٹ کردیگا، عمر قریشی

## حیدرآباد زون کے مختلف یونٹوں اور سرکل میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔23، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی نے کہا ہے کہ 25 دسمبر کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والا عظیم الشان جلسہ عام سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو تقسیم کرنے کی سازشیں کرنے والوں کی تمام سازشوں کو ملیا میٹ کردے گا اور انشاء اللہ سندھ کے مستقل باشندوں کا اتحاد قائم رہے گا۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کے تحت 25 دسمبر کو ہونے والے ملاکھڑا گراؤنڈ میں جلسے کے سلسلے میں حیدرآباد زون کے مختلف یونٹوں اور سرکلز میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر میں غریب و متوسط طبقے کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور ملک بھر میں غریب و متوسط طبقے کی عملاً حکمرانی چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے عملی طور پر غریب و متوسط اور بالخصوص صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے طبقے کے افراد کو ملک کے ایوانوں میں پہنچایا ہے جو سازشی عناصر کو ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے اور وہ ایک مرتبہ پھر گھناؤنی سازشوں کے ذریعے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان غلط فہمیاں اور نفرتوں کے بیج بو کر دوریاں پیدا کرنے کیلئے سرگرم ہوچکے ہیں۔ انہوں مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ تمام لسانی اکائیوں کا احترام کیا ہے اور انہیں محبِّ وطن شہری قرار دیا ہے لیکن بعض سازشی عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے ایک مرتبہ گھناؤنی سازشوں کے تانے بانے بن رہے ہیں تاکہ سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے اتحاد میں دراڑیں ڈال کر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل حاصل کرچکے۔ انہوں نے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں سے اپیل کی کہ وہ 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور ثابت کردیں کہ وہ سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے اتحاد تباہ کرنے کی سازش کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد و منظم ہیں۔

## ایم کیوایم کے تحت سندھ کے صوفی شاعر عبداللطیف بھٹائیؒ کے آبائی شہر بھٹ شاہ میں منعقدہ جلسہ عام میں عوام کی شرکت کیلئے رابطہ مہم

بھٹ شاہ۔۔۔23/دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے آبائی شہر بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں ہفتہ 25/دسمبر کو منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اہم ٹیلی فونک خطاب کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ پورے زور وشور سے جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران پر مشتمل ٹیمیں سندھ کے مختلف شہروں میں عوامی اجتماعات منعقد کرکے سندھ کے عوام کو 25 دسمبر کے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دے رہی ہیں۔ عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد نے اندرون سندھ کے مختلف شہروں ماتلی، بدین اور ٹھٹھہ پریس کلب کے دورے کیے اور پریس کلبوں کی انتظامیہ، صحافی تنظیموں، فوٹوگرافروں سے ملاقاتیں کرکے انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔ بعدازاں اشفاق منگی اور وسیم احمد نے گولاچی اور گھارو میں ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا اور معززین شہر و حق پرست عوام سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں قبل ازیں گولاچی اور گھارو آمد کے موقع پر کارکنان کی جانب سے رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد اور دیگر ذمہ

داران کا شاندار استقبال کیا گیا اوراس موقع پر کارکنان کی جانب سے درجنوں موٹر سائیکلوں پر مشتمل بڑی ریلی بھی نکالی گئی جوشہر کی اہم شاہراہوں اور چوراہوں سے گزرتی ہوئی استقبالیہ کیمپوں پر اختتام پذیر ہوئی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور زونل کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔اشفاق منگی نے صحافی تنظیموں اور ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک سازش کے تحت سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں اور دوریاں پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جسے ایم کیوایم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی۔انہوں نے کہا کہ سندھ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی دھرتی ہے قائد تحریک الطاف حسین سندھ کے سچے سپوت ہیں جوشاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے پیغام محبت کوآگے بڑھارہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ 25 دسمبر کا عظیم الشان جلسہ عام سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اظہار یکجہتی کا اہم سنگ میل ثابت ہوگا جوسندھ کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے عزائم خاک میں ملادیگا۔انہوں نے صحافی تنظیموں اور فوٹوگرافرز سے اپیل کی کہ وہ بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے جلسہ عام میں اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں اور حق پرستی کا ساتھ دیں۔اس موقع پر صحافیوں اور فوٹوگرافرز نے جناب الطاف حسین کی جانب سے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت قبول کی اور اپنی شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## درگاہ حضرت نظام الدینؒ اولیہ کے سجادہ نشین ناظم الدین نظامی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## حضرت نظام الدینؒ کے سجادہ نشین ناظم الدین نظامی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ یادگار شہدائے حق پر حاضری دی اور پھول چڑھائے

کراچی۔۔۔23/دسمبر 2010ء

درگاہ حضرت نظام الدینؒ اولیہ کے سجادہ نشین ناظم الدین نظامی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاداور سیف یارخان نے نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی۔ملاقات میں ملک موجودہ صورتحال پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔دریں اثناء درگاہ حضرت نظام الدینؒ کے سجادہ نشین ناظم الدین نظامی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے سلیم شہزاد اور سیف یارخان کے ہمراہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگار شہدائے حق پر حاضری دیکر پھول چڑھائے اور شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ارکان بھی موجود تھے۔

## سندھ کے مستقل باشندے 25 دسمبر کو بھٹ شاہ میں منعقدہ جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## سندھ دھرتی کے عوام کے اتحاد کا عظیم الشان مظاہرہ سندھ دشمن قوتوں کی تمام سازشوں کو بہالے جائے گا

کراچی۔۔۔23،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سندھ کے مستقل باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 25 دسمبر کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت بھرپور اعتماد کا اظہار کرکے سندھ دشمن قوتوں کی سازشوں کوناکام بنادیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوفیائے کرام نے سندھ دھرتی پر پیار،محبت اور اخوت کو پروان چڑھایا ہے اور یہاں کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتوں کی دیوار کھڑی کرکے انہیں آپس میں دست وگریباں کرانے کی سازشیں کرنے والوں کیلئے سندھ دھرتی پر کوئی جگہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے درس اور تعلیمات کے ذریعے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان پیدا کی گئی جس خلیج کو ختم کیا ہے وہ بڑا کارنامہ ہے اور سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کا عظیم الشان اتحاد ہی بعض سازشی عناصر کو ایک آنکھ نہیں بھارہا ہے اوراسے سبوتاژ کرنے کیلئے آج بھی مختلف سازشوں کے تانے بانے بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں سندھ دھرتی سے سچی محبت اور عقیدت رکھنے والا ایک بھی باشندہ زندہ ہے انشاءاللہ سندھ دھرتی کے امن اوراس کے عوام کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والا جلسہ عام فقید المثال کامیابی سے ہمکنار ہوگا اور سندھ دھرتی کے عوام کے اتحاد کا عظیم الشان مظاہرہ سندھ دشمن قوتوں کی تمام سازشوں کو بہالے جائے گا۔

## سندھ بھر میں ایم کیو ایم کے تحت بھٹ شاہ میں منعقدہ جلسہ عام کی تیاریاں

## مختلف شہروں میں ریلیاں نکالی گئیں اور پرچم کشائی کی تقاریب منعقد کی گئیں، عوام و کارکنان میں زبردست جوش وخروش

## ایم کیو ایم کے جلسہ عام کا زبردست خیر مقدم کرتے ہیں اور اسے تاریخی کامیابی سے ہمکنار کریں گے، سندھ بھر کے عوام کا عزم

حیدرآباد۔۔۔23، دسمبر 2010ء

25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے جلسہ عام کی تیاریاں سندھ بھر میں جاری ہیں اور اس سلسلے میں اندرون سندھ میں ایم کیو ایم کے تمام زونوں کے تحت بھرپور انداز میں تیاریاں جاری ہیں۔ جلسہ عام کے سلسلے میں اندرون سندھ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈو لہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمر کوٹ، ٹھٹھہ، نوشہرو فیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہداد کوٹ، کشمور اور جیکب آباد کے کارکنان وعوام میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ مختلف شہروں میں ریلیاں نکالی جارہی ہیں اور پرچم کشائی کی تقاریب منعقد کی جارہی ہیں جن میں کارکنان وعوام اور خواتین کی بھی کثیر تعداد شریک ہورہی ہے جبکہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست، ارکان اسمبلی اور ذمہ داران کی جانب سے سندھ بھر میں مختلف شہروں، گاؤں، گوٹھوں اور دیہاتوں کے دورے کئے جارہے ہیں اور جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں اندرون سندھ میں ایم کیو ایم کے پرچموں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کے خوبصورت پورٹریٹ کی بہار دیکھنے میں آرہی ہے، مختلف چوراہوں، چورنگیوں، محلوں اور گلیوں کی برقی قمقموں سے سجاوٹ کی گئی ہے جبکہ جگہ جگہ استقبالیہ کیمپوں کے قیام کے باعث سندھ بھر میں زبردست گہما گہمی دیکھنے میں آرہی ہے، ایم کیو ایم کے سندھی ترانوں اور نغموں کی دھنوں پر کارکنان وعوام والہانہ رقص کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ استقبالیہ کیمپوں سے ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے عوام کو بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں شرکت دعوت دی جارہی ہے۔ سندھ بھر کے عوام کی جانب سے بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ایم کیو ایم کے جلسہ عام کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے اسے تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرانے کا عزم کیا گیا ہے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان نے بھٹ شاہ جلسہ عام کے سلسلے میں سندھ بھر کو دلہن کی طرح سجا دیا

## سید شاکر علی، خالد بن ولایت اور رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی نے نوشہرو فیروز، سکھر، شکارپور، خیرپور اور میرپورخاص کے مختلف علاقوں کے دورے جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا، کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

حیدرآباد۔۔۔23، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شاکر علی اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی نے گزشتہ روز نوشہرو فیروز، سکھر، شکارپور، خیرپور اور میرپورخاص کے مختلف علاقوں کے دورے کئے اور 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ سید شاکر علی اور خالد بن ولایت ایم کیو ایم ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ مختلف علاقوں میں گئے اور معززین اور علاقے کے عوام سے ملاقاتیں کرکے انہیں جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھٹ شاہ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے کارکنان نے سندھ بھر کو دلہن کی طرح سجا دیا ہے اور یہ سجاوٹ جہاں سندھ دوست قوتوں کیلئے خوشی اور اطمینان کا باعث ہے وہیں یہ سندھ دشمن عزائم رکھنے والے سازشیوں کیلئے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ دھرتی کے عوام فیصلہ کرچکے ہیں کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظم ہیں اور بھٹ شاہ میں ہونے والا جلسہ عظیم الشان جلسہ سندھ دھرتی ہی نہیں بلکہ ملک کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا۔ سید شاکر علی اور خالد بن ولایت نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ کارکنان کی دن رات محنت کا ثمر 25 دسمبر ہفتہ کے دن مل جائے گا اور اس دن امن پیار اور محبت کی دھرتی کے خلاف سازش کرنے والے اپنے ناپاک ارادوں میں ناکام ہوجائیں گے۔

## رابطہ کمیٹی ارکان نے حیدرآباد سٹی میں لگائے گئے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا اور بھٹ شاہ کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا

میرپورخاص۔۔۔23، دسمبر 2010ء

25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ارکان کنور نوید جمیل اور توصف خانزادہ نے حیدرآباد سٹی میں لگائے گئے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا اور کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین احمد اور

ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کے رکن عمر قریشی اور حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف بھی موجود تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور توصف خانزادہ نے عوام اور کارکناں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شہر ہے اور حیدرآباد کے عوام نے ہر موقع پر ثابت کیا ہے کہ اہلیان حیدرآباد قدم بہ قدم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 25 دسمبر کو بھٹ شاہ میں ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں حق پرست عوام، معززین، بزرگ، خواتین اور نوجوان بھرپور شرکت کر کے ثابت کر دیں کہ حیدرآباد کے عوام سندھ دھرتی کے خلاف سازشوں کے آگے سیسہ پلائی دیوار ہیں۔۔ جلسہ عام کے سلسلے میں حیدرآباد کو ایم کیو ایم کے پرچموں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر سے سجایا گیا ہے، چوراہوں، چورنگیوں، محلوں اور گلیوں کی برقی قمقموں سے سجاوٹ کی گئی ہے جبکہ استقبالیہ کیمپوں پر زبردست گہما گہمی دیکھنے میں آ رہی ہے۔

## صحافیوں کو جناب الطاف حسین کی جانب سے خیرسگالی کا پیغام دیا اور انہیں بھٹ شاہ میں ہونے والے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت

## رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل کی میرپورخاص پریس کلب میں صحافیوں سے ملاقات

## شہید صحافی اور پریس کلب کے صدر مرحوم محمود سلطان چانڈیو کے قتل کی مذمت اور مقتول کی روح کے لئے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

میرپورخاص۔۔۔23، دسمبر 2010ء

25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے جلسہ عام کی تیاریاں سندھ بھر میں جاری ہیں اور اس سلسلے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے میرپورخاص پریس کلب میں صحافیوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر KMOC کے جوائنٹ انچارج اور صوبائی کمیٹی کے رکن بھی موجود تھے۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنی تعلیمات کے ذریعے سندھ، دھرتی سے پیار، محبت اور اخوت کا درس دیا ہے اور آج ہم یہاں کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتوں کا خاتمہ کر کے بھائی چارگی اور یکجہتی کو فروغ دینا چاہتے ہے۔ انہوں نے صحافیوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیرسگالی کا پیغام دیا اور انہیں بھٹ شاہ میں منعقد ہونے والے تاریخی جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ صحافت ریاست کا اہم ستون ہے اور ایم کیو ایم آزاد صحافت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے شہید صحافی اور پریس کلب کے صدر مرحوم محمود سلطان چانڈیو کے قتل کی مذمت کی اور شہید کی روح کے لئے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی رکن کنور نوید جمیل نے میرپورخاص میں جلسہ عام کے سلسلے میں قائم کئے گئے مرکزی استقبالیہ کیمپ کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ کنور نوید جمیل نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے ایم کیو ایم میرپورخاص زون کے ذمہ داران و کارکنان کے ہمراہ ڈاک خانہ چوک اور اسٹیشن روڈ پر گاڑیوں اور دکانوں پر ہینڈ بلز تقسیم کئے اور عوام کو جلسہ عام میں شرکت دعوت دی۔

☆☆☆☆☆